06/25/2007 19:27 5163346747 STAPLES PAGE 01/01

1

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨٣﴾ سورۃ مائدۃ آیت ۸۳

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے پس تو ہمیں سچے لوگوں میں لکھ دے۔

2

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ سورۃ الاعراف آیت ۴۷

اے ہمارے پروردگار! ہمیں گنہگار لوگوں میں شامل نہ فرما۔

3

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿٤٠﴾ سورۃ ابراہیم آیت ۴۰

اے ہمارے پروردگار! ہماری دعا قبول فرما۔

4

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

اے ہمارے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرمائیے۔ (سورۃ طٰہٰ آیت ۱۱۴)

5

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے آتش دوزخ سے بچا۔

6

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ (البقرہ - ۱۵۶)

ترجمہ: ہم اللہ ہی کا مال ہیں (ہم کو جس حال میں چاہے رکھے)

7

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! میری مغفرت فرمائیے اور مجھ پر رحم فرمائیے اور آپ سب سے بہترین مہربان ہیں۔ (سورۃ مؤمنون آیت ۱۱۸)

8

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ (سورۃ المؤمنون آیت ۱۰۹)

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے، جس کے باعث تو ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

9

سواری پر سوار ہونے پر

خواہ کسی قسم کی سواری ہو، سوار ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ کہے جب پوری طرح سوار ہو کر بیٹھ جائے تو یہ دعا پڑھے۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

(الزخرف ۱۳-۱۴)

10

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ جب کوئی آدمی گھر سے نکلتے ہوئے یہ دعا پڑھتا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

11

کھانے کے بعد کی دعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ۔

"شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور کیا ہمیں مسلمانوں میں سے"۔